سرخیاں

۱۔ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے اعلان کیا ہے کہ تلنگانہ میں اسمبلی انتخابات 30 نومبر کو ہوں گے۔

۲۔ بی آر ایس کے صدر اور چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ گجویل اور کاما ریڈی اسمبلی حلقوں کے لئے 9 نومبر کو نامزدگیاں داخل کریں گے۔

۳۔ مرکزی وزیر سیاحت وثقافت جی کشن ریڈی نے آج سکندرآباد ریلوے اسٹیشن پر چار ٹرینوں کی توسیع کے پروگرام کا افتتاح کیا۔

۴۔ وجئے واڑی اے سی بی کورٹ نے اے پی اسکل ڈیولپمنٹ کیس میں سابق چیف منسٹر چندرا بابو نائیڈو کی درخواست ضمانت مسترد کردی ہے۔

☆☆☆

الیکشن کمیشن آف انڈیا نے اعلان کیا ہے کہ تلنگانہ میں اسمبلی انتخابات 30 نومبر کو ہوں گے۔ چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے دہلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ووٹوں کی گنتی 3 دسمبر کو عمل میں آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ گزٹ نوٹیفکیشن 3 نومبر کو جاری کیا جائے گا۔ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 10 نومبر ہوگی اور نامزدگیوں کی جانچ پڑتال 13 نومبر کو کی جائے گی۔ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ 15 نومبر ہوگی۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ پورا انتخابی عمل 5 دسمبر تک مکمل کرلیا جائے گا۔ حکمران بھارت راشٹر یہ سمیتی نے 119 اسمبلی حلقوں میں سے 115 کیلئے اپنے امیدواروں کا پہلے ہی اعلان کردیا ہے۔ اپوزیشن پارٹیوں بی جے پی اور کانگریس نے ابھی تک اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان نہیں کیا ہے۔

اس دوران بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے انتخابی شیڈول کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی ریاست میں انتخابات کے لئے پوری طرح تیار ہے۔ حیدرآباد میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ بی جے پی انتخابات میں کامیابی حاصل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی ایسی حکومت چاہتی ہے جس میں عوام کے تمام طبقات کو حکمرانی میں حصہ لینے کا موقع ملے۔ انہوں نے کہا کہ عوام خاندانی حکمرانی اور بدعنوان حکومت کو شکست دینا چاہتے ہیں۔ کشن ریڈی نے کہا کہ بی آر ایس اور کانگریس دوسرے اور تیسرے مقام کے لئے مقابلہ کریں گے۔

☆☆☆

بی آر ایس کی ایم ایل سی کے کویتا نے کہا ہے کہ پارٹی پھر ایک بار تلنگانہ کے تئیں اپنے عزم کا اعادہ کرنے کے لئے تیار ہے۔ کویتا ریاست میں اسمبلی انتخابات کے لئے تواریخ کے اعلان پر ردِعمل ظاہر کررہی تھیں۔ انہوں نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم پر اپنے پیام میں یہ بات کہی۔

☆☆☆

طلبہ کو لے جارہی ایک اسکول بس آج محبوب نگر ضلع کے جڑ چرلہ منڈل کے کوتہ تانڈا کے قریب ایک ٹرک سے ٹکرا گئی۔ اس حادثہ میں 20 طلبہ زخمی ہوگئے جن میں سے دو کی حالت نازک ہے۔ مقامی پولیس نے بتایا کہ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ماؤنٹ باسل کی یہ بس جڑ چرلہ سے محبوب نگر جارہی تھی۔ زخمی طلبہ کو محبوب نگر کے ایک خانگی دواخانہ میں شریک کیا گیا ہے۔ پولیس نے ایک مقدمہ درج کرکے تحقیقات کا آغاز کردیا۔

☆☆☆

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کل عادل آباد میں ایک جلسہ عام سے خطاب کریں گے وہ حیدرآباد میں دانشوروں کے ایک کنونشن سے بھی مخاطب ہوں گے۔ بی جے پی کے ریاستی جنرل سکریٹری جی پریمندر ریڈی نے ایک بیان میں بتایا کہ امیت شاہ کل دوپہر عادل آباد میں ایک جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ وہ شام میں حیدرآباد میں منعقد ہونے والے دانشوروں کے کنونشن سے بھی خطاب کریں گے۔ اسمبلی انتخابات کے لئے بی جے پی کی مہم میں پارٹی کے کئی سینئر لیڈروں کی شرکت متوقع ہے۔

☆☆☆

وجئے واڑہ اے سی بی عدالت نے اے پی اسکل ڈیولپمنٹ کیس میں تلگودیشم پارٹی کے صدر چندرابابو نائیڈو کی درخواستِ ضمانت مسترد کردی ہے۔ عدالت نے ان کی تحویل کے لئے سی آئی ڈی کی عرضی کو بھی مسترد کردیا۔ اے سی بی عدالت نے گزشتہ ہفتہ تین دن تک ان عرضیوں کی سماعت کی تھی اور اپنا فیصلہ محفوظ کردیا تھا۔ عدالت نے آج اپنے فیصلوں کا اعلان کیا۔ اس دوران سپریم کورٹ نے اسکل ڈیولپمنٹ کیس میں چندرابابو نائیڈو کی خصوصی عرضی پر سماعت کل تک کے لئے ملتوی کردی ہے۔ عدالت نے چندرابابو نائیڈو کے وکلاء کے دلائل کی دو گھنٹوں تک سماعت کی اور ریاستی حکومت کی نمائندگی کرنے والے مکل روہتگی کے دلائل بھی سنے۔ دونوں فریقین نے سکشن 17A کے بارے میں اپنے دلائل پیش کئے۔

☆☆☆

مرکزی وزیر سیاحت وثقافت جی کشن ریڈی نے آج سکندرآباد ریلوے اسٹیشن پر چار ٹرینوں کی توسیع کے پروگرام کا افتتاح کیا۔ ہڈاپسار۔ حیدرآباد اکسپریس کو قاضی پیٹ تک، جئے پور۔ کاچی گوڑہ اکسپریس کو کرنول سٹی تک، ایچ ایس ناندیڑ۔ تانڈور اکسپریس کو رائچور تک اور کریم نگر۔ نظام آباد میموٹرین کو بودھن تک توسیع دی گئی ہے۔ ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے تلنگانہ سے متعلق چار ٹرین سرویس کو مختلف مقامات تک توسیع دی ہے تاکہ مسافرین کو سفر کی زائد سہولتیں فراہم ہوں۔ اس موقع پر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ ان چار ٹرینوں کی توسیع سے تلنگانہ کے عوام کو مختلف مقامات پر راست سفر کی سہولت حاصل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ قاضی پیٹ کے عوام کو پونے تک راست اور رات کے وقت سفر کی سہولت ملے گی۔

☆☆☆

آیوشمان بھاؤ مہم کے تحت ایک مہینہ کے اندر تین لاکھ سے زائد بلڈ یونٹس جمع کئے گئے ہیں۔ یہ مہم سیوا پکواڑہ کے دوران چلائی گئی۔ سیوا پکواڑہ 17 ستمبر سے 2 اکتوبر تک منظم کی گئی۔ مرکزی وزیر صحت منسکھ مانڈویا نے ایک سوشیل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ پہلے سالانہ صرف 9 لاکھ بلڈ یونٹس جمع کئے جاتے تھے۔ انہوں نے انسانیت کی خدمت کے لئے خون کا عطیہ دینے والوں کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆

تلنگانہ کانگریس منتخب سینئر نمائندوں کے ساتھ بس یاترا کے منصوبے کو قطعیت دینے والی ہے۔ پارٹی نے 15 اکتوبر سے یا اس مہینہ کے تیسرے ہفتہ سے یاترا کا منصوبہ بنایا ہے۔ اس یاترا میں اے آئی سی سی کے سینئر لیڈرس راہول گاندھی، پرینکا گاندھی اور دیگر سینئر قومی

قائدین شرکت کریں گے۔ کانگریس کے قائدین نے کہا کہ اس یاترا کا مقصد عوام سے ربط قائم کرتے ہوئے انہیں چھ گیارنٹیز سمجھانا ہے۔امکان ہے کہ پارٹی ہائی کمان اسمبلی انتخابات کے لئے اپنے امیدواروں کی فہرست 20 اکتوبر تک جاری کردے گی۔

☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا ہے کہ تلنگانہ انتخابات یکطرفہ ہوں گے۔ ریاست میں انتخابی شیڈول کے اعلان پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی آر ایس گزشتہ سال کے دوران کئے گئے ترقیاتی کاموں کی بنیاد پر عوام سے ووٹ طلب کرے گی۔

☆☆☆

تلنگانہ کی حکومت نے کل ریاستی حکومت کے ملازمین اور وظیفہ یابوں کے لئے ایک نئی ہیلتھ اسکیم شروع کی ہے۔حکومت نے ایمپلائی ہیلتھ کیئر ٹرسٹ کے نام سے ایک ٹرسٹ قائم کیا ہے جس سے ملازمین اور وظیفہ یابوں کے ارکان خاندان کو فائدہ ہوگا۔ٹرسٹ بورڈ کے سربراہ چیف سکریٹری ہوں گے۔عہدیداروں اور ملازمین کو اس ٹرسٹ کے ارکان کی حیثیت سے نامزدگ کیا جائے گا۔حکومت نے اس سلسلہ میں گورنمنٹ آرڈر 186 جاری کردیا ہے۔ پہلے پے رویژن کمیشن نے ملازمین اور وظیفہ یابوں کے لئے ایک خصوصی ہیلتھ اسکیم کی سفارش کی تھی۔اس نے یہ بھی کہا تھا کہ ٹرسٹ کو چلانے کے لئے کچھ رقم جمع کی جائے۔

☆☆☆

بی آر ایس کے صدر اور چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ گجویل اور کاماریڈی اسمبلی حلقوں کے لئے 9 نومبر کو نامزدگیاں داخل کریں گے۔وہ پہلے گجویل میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گے اور اس کے بعد دوپہر میں کاماریڈی پہنچ کر نامزدگی داخل کریں گے۔ 15 اکتوبر کو حیدرآباد کے تلنگانہ بھون میں کے سی آر پارٹی کے امیدواروں کو بی فارم پیش کریں گے۔ وہ اس موقع پر امیدواروں کو انتخابی قواعد و ضوابط سے واقف کروائیں گے اور انہیں ضروری مشورے دیں گے۔ کے سی آر اسی موقع پر پارٹی کا منشور جاری کریں گے اور بعد میں حسن آباد میں منعقد کئے جانے والے جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔اس کے اگلے دن وہ جنگاؤں اور بھونگیر حلقوں میں عام جلسوں سے خطاب کریں گے۔